شکتی فلمز کا تیار کردہ

سمراٹ چندر گپت

102

सम्राट चंद्रगुप्त

اداکاران

بھارت بھوشن۔ نروپا رائے۔ للتا پوار۔ الیاس۔

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

سٹوری پورس کو ہرانے کے بعد سکندر بھارت کا سراٹ بننا چاہتا تھا۔ لیکن چندر گپت کی بہادری اور چانکیہ کی بدھی نے ملکر اُس کے ئسپنوں کو چُور چُور کر دیا۔

آگے پردہ پر دیکھیں ——

گانے

سمراٹ چندر گپت کے

گانا نمبر ۱

مجھے دیکھ چاند شرمائے، پگھلا تھم جائے
مَیں نکلوں تو کیسے ہائے
زمانہ کیسے ہائے
دُنیا میرے ناز اُٹھائے
جُھک جُھک جائے۔ میرے پیچھے پیچھے آئے
میرا دِل لُبھانے کو۔ کوئی گائے، کوئی مسکرائے
مجھے دیکھ چاند شرمائے ——

پچھلیوں کی گلیوں سے گھبراؤں
رُک رُک جاؤں ہیں تو چُھپ چُھپ جاؤں
میرا میت کہاں ہے وہ۔ وہ آگے آکے نہیں جائے
مجھے دیکھ چاند شرمائے ——

نمبر ۲

اے دِلبر آجا۔ آجا۔ آجا
ہاتھ سے میرے لے لے جام

بہکے اگر میں ہوں گی تھام
پی لے اور رنگیلے مستی میں جی لے
غم کو بھلائے جا
سامنے تیرے میں ہوں کھڑی۔ اک میٹھی اُلجھن میں پڑی
ہے پیاس بہت اور عمر ہے کم
لا ہاتھ صنم تجھے میری قسم
ہاتھ سے میرے ——
گھولدی میں نے اپنی ادا۔ بن گئی یہ ہر غم کی دوا
آنچل کی لچک، زلفوں کی مہک
ہونٹوں کی ہنسی پیالی میں بسی
ہاتھ سے میرے ——
بہکے اگر میں ہونگی تھام
پی لے اور نگیلے مستی میں جی لے
غم کو بھلائے جا

نمبر ۳

یہ شمع میرا دل جواں۔ پیار بھرا ہے دیکھو یہ جہاں
بس گھٹ رہوں۔ تو ہے آسماں
جھوم جھوم کے آئی بہار
بادل سے برسے نشہ۔ چھانے لگی ہے خودی
جانے ہمیں کس جگہ، بہکے چلی زندگی
چلتے چلیں ہم۔ کوئی نہیں غم، سنگ آرائیں ہم

ٹیپ ——

پانی میں کرنیں نہیں۔ روپ کی یہ آگ ہے
لہروں کے سنگیت میں، چاہت کا ایک راگ ہے
میں بھی یہاں ہوں۔ تم بھی یہاں ہو
جھوم کے اب تو لہرائیے
میں بھی یہاں ہوں، تم بھی یہاں ہو
جھومتے جائیں ہم
ٹیپ ——

نمبر ۲ ——

کل کل چھل چھل بہتی جاؤں مست ندی کی دھار
میں تو رکنا نہ جانوں۔ میں تو جھکنا نہ جانوں
قید چمن کی مجھ کو نہ بھائے
مجھ کو بہار بھی باندھ نہ پائے
اپنی اداؤں سے پیار ہے مجھ کو
گائے متوالے گیت من کا میرے تار تار
کل کل چھل چھل ——
کھوئی ادھ جیسے ہرنی بن میں۔ بدلی جیسے نیل گگن میں
کھوئی ہوئی ہوں من کی لگن میں
کھیلوں، میں طوفان کی موجوں سے بار بار
کل کل چھل چھل ——
مست ندی کی دھار

مَیں تو جُرکنا نہ جانوں۔ مَیں تو جھکنا نہ جانوں

نمبر ۵

چھایا:۔ رنگیلے مورے راجہ، دِل میں سما جا

لڑکیاں:۔۔ پھر آئے نہ آئے سماں

چھایا:۔ دم بھر کی زندگانی ۔ اُس سے بھی کم جوانی

لے لے مزے زندگی کے

کلیوں کو چوم لے ہستی میں جھوم لے

آنے دے آئے گر طوفاں

پھر آئے نہ آئے سماں

تیروں کو جھیل تُو ۔ موجوں سے کھیل تُو

تھوڑے سے دِن ہیں خوشی کے

تھوڑے سے دِن ہیں خوشی کے

بیتے گا جو کل ، آئے نہ وہ کل

ایسی بہاریں پھر کہاں

پھر آئے نہ آئے سماں

ہو کر کے یوں دیوانہ ۔ بن مت بجانا نشانہ

کسی کی تو شمشیر کا

کسی کی تو شمشیر کا

عجب گھڑی ہے ۔ موت کھڑی ہے

لُٹ نہ تیرا جہاں

پھر آئے نہ آئے سماں

نمبر ۶

ہیلن:۔ چاہے پاس ہو چاہے دُور ہو
میرے سپنوں کی تم تصویر ہو
چندر:۔ ہو چاہے پاس ہو چاہے دُور ہو
میرے جیون کی تم تقدیر ہو
ہیلن:۔ ادیر دیسی بھول نہ جانا
ہم نے کیا تجھے دِل نذرانہ
چندر:۔ دِل یہ ہمارا تو نے نہ جانا
سیکھا ہے ہم نے بھی وعدہ نبھانا ۔ چاہے پاس ہو۔
جب تک چمکیں چاند ستارے
ہم ہیں تمہارے، تم ہو ہمارے
ہیلن:۔ ساگر کی دو لہریں پکاریں
مِل کے رہیں گے دونوں کنارے
چاہے پاس ہو چاہے دُور ہو
دونوں:۔ میرے سپنوں کی تم تصویر ہو

نمبر ۷

ہیلن:۔ بھر بھر آئی انکھیاں
ہو مورا چُھپ چُھپ روئے رے جیا
اپنے ہی ہاتھوں آگ لگائی ۔ ہائے مَیں نے یہ کیا کیا
سونی ہے دُنیا کوئی نہیں جاگے
مَیں ہوں اکیلی مورا دِل نہیں لاگے

رین ڈرائے رے چین نہ آئے رے
ہائے مَیں نے یہ کیا کیا۔ بھر بھر ـــ
چندر:۔ کبھی ہے اندھیرا کبھی ہے اجالا
قسمت کا ہے کھیل نرالا۔ پھولوں کے بدلے کانٹوں کی مالا
ہائے تو نے یہ کیا کیا
ہیلن:۔ بھر بھر آئی انکھیاں ـــ

نمبر ۸

ہیلن:۔ جا توسے ناہی بولوں۔ گھونگھٹ نہیں کھولوں
کیوں چوری مجھ سے یوں نظریں ملائے
چندر:۔ روٹھو نہ یوں البیلی، ہم ہے تو کی اکیلی
کیوں گوری گوری صورت، گھونگھٹ میں چھپائے
ہیلن:۔ جا توسے نہیں بولوں ـــ
تم تو سجن من کے جیت چور بڑے ہو
نٹ کھٹ بڑے ہو جی کٹھور بڑے ہو
چندر:۔ اجی نظر نظر کے جی جگر پار گئے ہیں
جیت گئے تم اور ہم ہار گئے ہیں
ہار گئے ہیں جی ہم ہار گئے ہیں
ہیلن:۔ پکڑو نہ موری بہیاں۔ ستیاں میں پڑوں پیّاں
کیوں چوری چوری مجھ سے یوں نظریں ملائے
جا توسے نہیں بولوں ـــ
چندر:۔ روٹھنے کی ابھی یہ ریت نہیں ہے

پھیر لیا مکھڑا تو بہت نہیں ہے

ہیلن :۔ اجی ہم سے نہ جاؤ نہ پیا جھوٹی یہ باتیں
جان گئے ہم تیری نظروں کی یہ گھاتیں
نظروں کی یہ گھاتیں جی پیا جھوٹی یہ باتیں

چندر :۔ مُڑ مُڑ کے نہ یوں تاکو ۔ گھونگھٹ سے یوں جھانکو
کیوں گوری گوری صورت گھونگھٹ بن چھپائے

ہیلن :۔ جاؤ سے نہیں بولوں ـــــ

ختم شد

فلم میں بھرتی ہونے سے پہلے اپنے آپکو ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات نیز ان کے پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۱-۱-۰ ر محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

(الہ آباد پریس دہلی)